رہبر معظم نے آیت اللہ مہدوی کنی کی عیادت کی - 5 /Jun/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے آج سہ پہر کو تہران کے ایک اسپتال میں خبرگان کونسل کے سربراہ آیت اللہ مہدوی کنی کی عیادت کی ۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عیادت کے دوران آیت اللہ مہدوی کنی کی سلامتی اور علاج کے بارے میں آخری اطلاعات حاصل کیں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے ان کی شفا اور صحتیابی کے لئے دعا فرمائیکل رات رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر کے انچارج حجۃ الاسلام والمسلمین محمد گلپائیگانی نے اسپتال میں آیت اللہ مہدوی کنی کی عیادت کیۓ حضرت امام خمینی (رہ) کی 25 ویں برسی کی تقریب میں شرکت کے بعدآیت اللہ مہدوی کنی جب گھر پہنچے تو ان پرعارضہ قلبی طارپہوا جس کے بعد انہیں اسپتال میں منتقل کردیا گیا ۔